بچی کا نام "رائبہ" رکھنا

مجیب: مولانا محمد شفیق عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-3119

تاریخ اجراء: 25ربیع الاول1446ھ /30ستمبر2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

رائبہ نام رکھنا کیسا ہے؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

رائب کا معنی ہے"صلح کروانے والا"اور رائبہ، رائب کی مونث ہے، تو اس اعتبار سے رائبہ کا معنی ہوگا"صلح کروانے والی"۔اس معنی کے اعتبار سے یہ نام رکھ سکتے ہیں۔ البتہ بہتر یہ ہے کہ بچی کا نام نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات، بیٹیوں، صحابیات رضی اللہ عنہن اور نیک خواتین کے نام پر رکھا جائے کہ حدیث پاک میں اچھے لوگوں کے نام پر نام رکھنے کی ترغیب ارشاد فرمائی گئی ہے، نیز امید ہے کہ اچھے نام کی برکت اور ان بزرگ ہستیوں کی برکت بھی بچی کے شامل حال ہوگی۔

المعجم الوسیط میں ہے:"(رأبت) الأَرْض رأبا۔۔۔ورأب بَين الْقَوْم فَهُوَ رائب، ملخصا"یعنی زمین سرسبز ہوگئی۔۔۔اور اس نے لوگوں کے درمیان صلح کروائی، لہٰذا وہ صلح کروانے والا ہے۔(المعجم الوسیط، ص319، دار الدعوۃ)

المنجد میں ہے:"رَأَبَ (ف) رأبًا۔۔۔بینهم: صلح کرانا۔(المنجد عربی اردو، ص269، خزینہ علم وادب، لاہور)

الفردوس بماثور الخطاب میں ہے:"تسموا بخیار کم"ترجمہ: اچھوں کے نام پر نام رکھو۔(الفردوس بماثور الخطاب، جلد2، صفحہ58، حدیث2329، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

صدر الشریعہ مفتی محمد امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:"بچہ کا اچھا نام رکھا جائے۔ ہندوستان میں بہت لوگوں کے ایسے نام ہیں، جن کے کچھ معنی نہیں یا ان کے برے معنی ہیں، ایسے ناموں سے احتراز کریں۔ انبیائے

کرام علیھم الصلاۃ والسلام کے اسمائے طیبہ اور صحابہ و تابعین و بزرگانِ دین کے نام پر نام رکھنا بہتر ہے، امید ہے کہ اون کی برکت بچہ کے شاملِ حال ہو۔" (بہار شریعت، جلد3، حصہ15، صفحہ356، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

نوٹ: ناموں کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کرنے کے لیے دعوتِ اسلامی کے مکتبۃ المدینہ کی کتاب "نام رکھنے کے احکام" پڑھیں۔ اس میں بچوں اور بچیوں کے بہت سے اسلامی نام بھی لکھے ہوئے ہیں، وہاں سے دیکھ کر کوئی سا بھی اچھا نام رکھا جاسکتا ہے۔ نیچے دیئے گئے لنک سے یہ کتاب ڈاؤن لوڈ بھی کی جاسکتی ہے۔

https://www.dawateislami.net/bookslibrary/ur/naam-rakhnay-kay-ahkam

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net